فوری ریلیز کے لیے: 2/9/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کا سافک کاؤنٹی میں $98 ملین لاگت سے تعمیر ہونے والی سستی رہائشی عمارت کی تکمیل کا اعلان

میٹینیکاک کورٹ میں ہنٹنگٹن ٹاؤن کے لیے 145 سستے مکانات کی تعمیر مکمل

یہ منصوبہ ریاست بھر میں مزید سستے مکانات کی فراہمی کے گورنر کے پختہ عزم کا تسلسل ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج سافک کاؤنٹی کے ہنٹنگٹن ٹاؤن میں تقریباً $98 ملین کی لاگت سے تیار کیے گئے سستے رہائشی منصوبے Matinecock Court (میٹینیکاک کورٹ) کی تکمیل کا اعلان کیا۔ نئے تعمیر شدہ اس منصوبے میں محدود ایکویٹی والے 145 سستے کوآپریٹو مکانات بنائے گئے ہیں، جن میں معذور افراد کے لیے مختص آٹھ امدادی اپارٹمنٹس اور سابق فوجیوں کے لیے مختص چار اپارٹمنٹس بھی شامل ہیں۔ گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت میں، نیو یارک ریاست کے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید (New York State Homes and Community Renewal, HCR) کے محکمے نے سافک کاؤنٹی میں 2,500 سے زائد سستے گھر بنائے یا بچائے ہیں۔ Matinecock Court (میٹینیکاک کورٹ) اسی کوشش کا تسلسل ہے اور گورنر Hochul (ہوکل) کے $25 بلین کے پانچ سالہ رہائشی منصوبے کا حصہ ہے، جو پوری ریاست نیو یارک میں 100,000 قابل استطاعت گھروں کی تعمیر یا تحفظ کا ہدف حاصل کرنے کی جانب گامزن ہے۔

"بہت طویل عرصے سے نیو یارک والوں کو ایسی ہاؤسنگ مارکیٹ کا سامنا رہا ہے جہاں رہائش کے لیے کوئی سستی جگہ تلاش کرنا ان کی پہنچ سے باہر محسوس ہوتا ہے"، **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** Matinecock Court (میٹینیکاک کورٹ) یہ ظاہر کرتا ہے کہ جب ہم نیو یارک والوں کی ضرورت کے مطابق مکانات تعمیر کرتے ہیں تو کیا کچھ ممکن ہو سکتا ہے۔ یہ 145 سستے مکانات مختلف نوعیت کے گھرانوں کو یہاں مستقل بنیادیں قائم کرنے، اپنی زندگی میں استحکام پیدا کرنے اور ایک پھلتی پھولتی آبادی کا حصہ بننے کا موقع فراہم کریں گے۔ اس منصوبے کو حقیقت کا روپ دے کر ہم یہیں لانگ آئی لینڈ میں آنے والی نسلوں کے لیے زیادہ سستے مستقبل کے دروازے کھول رہے ہیں"۔

Matinecock Court (میٹینیکاک کورٹ) ایسے گھرانوں کے لیے سستا ہے جن کی آمدنی علاقے کی اوسط آمدنی کے 80 فیصد تک ہے۔ یہ منصوبہ 17 دو منزلہ رہائشی عمارتوں پر مشتمل ہے، جن میں رہائشیوں کے لیے ایک، دو اور تین بیڈ روم والے مختلف مکانات شامل ہیں۔

آٹھ امدادی اپارٹمنٹس نشوونما کی معذوریوں کے حامل اہل افراد کے لیے جبکہ چار مکانات سابق فوجیوں کے لیے مختص ہیں۔ امدادی خدمات AIM Services Inc فراہم کرتی ہے۔ نقل و حرکت کی معذوریوں کے حامل افراد کے لیے 15 یونٹ جبکہ حسی معذوریوں کے حامل رہائشیوں کے لیے چھ یونٹ مختص کیے گئے ہیں۔

مکمل طور پر بجلی کی تنصیب والے اس رہائشی منصوبے کو امریکی ماحولیاتی تحفظ ایجنسی (U.S. Environmental Protection Agency) کے انرجی اسٹار ملٹی فیملی نیو کنسٹرکشن (Energy Star Multifamily New Construction) پروگرام اور گھروں اور کمیونٹی کی تجدید (HCR) کی پائیداری سے متعلق رہنماء ہدایات کے مطابق ڈیزائن کیا گیا ہے۔ توانائی کی بچت کی خصوصیات میں مکمل برقی ہیٹنگ اور کولنگ، برقی

ہیٹ پمپ واٹر ہیٹرز، بہتر موصلیت، LED لائٹنگ، Energy Star (انرجی اسٹار) آلات اور کم پانی استعمال کرنے والی پلمبنگ شامل ہیں۔

رہائشیوں کو کلب ہاؤس اور منصوبے کے احاطے میں پارکنگ کی سہولت دستیاب ہے، جبکہ انفرادی مکانات میں بیرونی پیشیو بھی بنائے گئے ہیں۔ Matinecock Court (میٹینیکاک کورٹ)، لانگ آئی لینڈ ریل روڈ (Long Island Rail Road) کے نارتھ پورٹ اسٹیشن کے قریب واقع ہے اور یہاں سے سافک کاؤنٹی کی بس سروس، اسکولوں، خریداری کے مراکز، ریستورانوں اور لائبریری تک بھی آسان رسائی حاصل ہے۔

D&F Development Group نے Housing Help, Inc کے اشتراک سے Matinecock Court (میٹینیکاک کورٹ) تیار کیا ہے، جسے حقیقت بننے میں کئی دہائیاں لگی ہیں۔ یہ منصوبہ پہلی مرتبہ سنہ 1978 میں تجویز کیا گیا تھا اور Housing Help, Inc. اور نیشنل ایسوسی ایشن فار دی ایڈوانسمنٹ آف کلرڈ پیپل (National Association for the Advancement of Colored People, NAACP)نے اس کے لیے بھرپور جدوجہد کی، اور آج یہ منصوبہ Fair Housing Act (فیئر ہاؤسنگ ایکٹ) کے تحت قانونی چارہ جوئی کی ایک تاریخی مثال کی حیثیت رکھتا ہے، جس کا مقدمہ سنہ 1988 میں امریکی سپریم کورٹ (United States Supreme Court) تک پہنچا تھا۔ عدالت نے امریکی اپیل کورٹ برائے سیکنڈ سرکٹ (U.S. Court of Appeals for the Second Circuit) کے اس تاریخی فیصلے کو برقرار رکھا کہ ہنٹنگٹن ٹاؤن نے اس مقام کی ری زوننگ کی اجازت نہ دے کر فیئر ہاؤسنگ ایکٹ (Fair Housing Act) کی خلاف ورزی کی تھی، جس کے نسلی اعتبار سے غیرمتناسب اثرات مرتب ہوئے تھے۔ اس مقدمے کے نتیجے میں بالآخر ایسے تصفیے ہوئے جنہوں نے آج مکمل ہونے والے اس منصوبے کی راہ ہموار کرنے میں مدد دی۔

Matinecock Court (میٹینیکاک کورٹ) کی مالی معاونت میں سرکاری اور نجی دونوں ذرائع شامل ہیں، ان میں HCR کی جانب سے وفاقی اور ریاستی کم آمدنی والے مکانات کے ٹیکس کریڈٹس (Low-Income Housing Tax Credits) شامل ہیں، جن سے $36 ملین سے زیادہ کی ایکویٹی اور $28 ملین کی سبسڈی حاصل ہونے کی توقع ہے۔ ریاست نیو یارک کا دفتر برائے نشوونمائی معذوریوں کے شکار لوگ (New York State Office for People With Developmental Disabilities, OPWDD) $1.7 ملین فراہم کیے۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈیولپمنٹ (Empire State Development, ESD) نے ریجنل کونسل کیپیٹل فنڈ (Regional Council Capital Fund) کے ذریعے $1 ملین کی گرانٹ فراہم کی۔ سافک کاؤنٹی نے اپنے ہاؤسنگ اپرچونٹی (Housing Opportunity) اور SOAR پروگراموں کے ذریعے تقریباً $4.2 ملین فراہم کیے۔ امدادی یونٹس کے آپریٹنگ اخراجات کے لیے فنڈنگ نشوونمائی معذوریوں کے حامل افراد کے دفتر کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے۔

ریاست نیو یارک کے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کے محکمے کی کمشنر RuthAnne Visnauskas (روتھ این وِسنسکس) نے کہا، "Matinecock Court (میٹینیکاک کورٹ) رہائش کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور کرنے اور نیو یارک بھر کی آبادیوں کو زیادہ سستے اور قابلِ رسائی بنانے کے گورنر Hochul (ہوکل) کے عزم کا عملی ثبوت ہے۔ کئی دہائیوں کی ثابت قدمی کے بعد اب ایسٹ نارتھ پورٹ میں 145 گھرانوں کو رہائش کے لیے سستی جگہ میسر آئی ہے اور اس منفرد کوآپریٹو ماڈل کے ذریعے انہیں دیرپا استحکام پیدا کرنے کا موقع حاصل ہوا ہے۔ ہمیں اس طویل عرصے سے منتظر منصوبے کو بالآخر پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں مدد دینے پر بے حد فخر ہے اور ہم D&F Development Group، Housing Help ، سافک کاؤنٹی، اپنے ریاستی شراکت داروں اور ان تمام افراد کا شکریہ ادا کرتے ہیں جن کے عزم نے آج کے دن کو ممکن بنایا"۔

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، چیف ایگزیکٹو افسر اور کمشنر Hope Knight (ہوپ نائٹ) نے کہا، "گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت میں نیو یارک رہائش کے ان چیلنجز سے نمٹ رہا ہے جو خاندانوں اور ہماری معیشت، دونوں کو متاثر کرتے ہیں۔ یہ 145 سستے مکانات مزید نیو یارک والوں کو یہاں لانگ آئی لینڈ میں، ملازمتوں اور مواقع کے قریب، مستقل بنیادیں قائم کرنے میں مدد دیں گے، جبکہ آجروں کو ترقی کے لیے درکار افرادی قوت کو راغب کرنے اور برقرار رکھنے کے لیے بھی زیادہ مضبوط بنیاد فراہم کریں گے"۔

ریاست نیو یارک کا دفتر برائے نشوونمائی معذوریوں کے شکار لوگ کی کمشنر Willow Baer (وِلو بیئر) نے کہا، "نشوونما کی معذوریوں کے حامل افراد ہر روز اپنی آبادیوں میں کامیابی سے رہ اور کام کر رہے ہیں اور اکثر انہیں بہت کم معاونت کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ مخصوص یونٹس اور گورنر Hochul (ہوکل) کے ہاؤسنگ ایجنڈے کی جامع منصوبہ بندی مزید افراد کو سستے اور محفوظ ماحول میں آزادانہ زندگی گزارنے کا خواب پورا کرنے کا موقع فراہم کرے گی، جبکہ نیو یارک کی آبادیوں کو متنوع اور پھلتا پھولتا رکھنے میں بھی مدد دے گی"۔

سینیٹر Charles Schumer (چارلس شومر) نے کہا، "مجھے فخر ہے کہ وفاقی Low-Income Housing Tax Credit (کم آمدنی والے مکانات کا ٹیکس کریڈٹ)، جس کے تحفظ اور توسیع کے لیے میں نے کام کیا، نے سافک کاؤنٹی میں 145 نئے سستے مکانات کی تعمیر میں مدد کے لیے 36$ ملین فراہم کیے ہیں۔ Matinecock Court (میٹینیکاک کورٹ) سابق فوجیوں اور معذور افراد کے لیے امدادی رہائش بھی فراہم کرتا ہے۔ میں نیو یارک بھر میں سستی رہائش کی تعمیر اور اسے برقرار رکھنے کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کی مسلسل کوششوں کو سراہتا ہوں، اور ان اہم کوششوں کی معاونت کے لیے درکار وفاقی وسائل کے حصول کی جدوجہد جاری رکھوں گا"۔

سینیٹر Kirsten Gillibrand (کرسٹن گلیبرینڈ) نے کہا، "رہائش کے لیے محفوظ اور قابلِ رسائی جگہ تمام نیو یارک والوں کا حق ہونا چاہیے، کوئی خصوصی مراعت نہیں۔ 98$ ملین کا یہ منصوبہ لانگ آئی لینڈ بھر میں بڑھتے ہوئے اخراجات کا مقابلہ کرنے کے ساتھ ہنٹنگٹن کی بحالی میں بھی مدد دے گا۔ مجھے اس منصوبے کے لیے کم آمدنی والے مکانات کے ٹیکس کریڈٹ کی مد میں 32$ ملین سے زیادہ فراہم ہوتے دیکھ کر فخر ہے، اور میں ہماری ریاست کو درکار سستی اور امدادی رہائش کی تعمیر کے لیے وسائل کے حصول کی جدوجہد جاری رکھوں گی"۔

رکنِ اسمبلی Linda B. Rosenthal (لنڈا بی روزینتھل) نے کہا، "امدادی یونٹس سمیت مزید سستے مکانات تعمیر کرنا ریاست میں رہائش کی استطاعت کے بحران سے نمٹنے کی کلید ہے۔ اپنے موجودہ رہائشی ذخیرے کو برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ ہمیں ایسے مزید رہائشی یونٹ بھی تعمیر کرنا ہوں گے جو ان نیو یارک والوں کی مالی استطاعت میں ہوں جو اپنے اخراجات پورے کرنے کے لیے دو یا تین ملازمتیں کر رہے ہیں۔ مجھے گورنر کے ساتھ مل کر اس ایجنڈے کو آگے بڑھانے پر فخر ہے، اور ریاست کے پانچ سالہ ہاؤسنگ منصوبے اور آئندہ اجلاس کے قانون سازی کے ایجنڈے کی تیاری کے دوران میں زیادہ منصفانہ ایجنڈے کے لیے جدوجہد جاری رکھوں گی"۔

ریاست نیو یارک کی چیف ڈس ایبلٹی افسر Kim Ridley (کِم رِڈلی) نے کہا، "Matinecock Court (میٹینیکاک کورٹ) نیو یارک میں قابلِ رسائی اور جامع رہائش کے لیے ایک اہم معیار قائم کرتا ہے۔ جسمانی، حسی اور نشوونما کی معذوریوں کے حامل افراد کے لیے خصوصی طور پر ڈیزائن کیے گئے مکانات کو منصوبے میں شامل کرکے یہ یقینی بنایا گیا ہے کہ ہماری آبادی کے افراد وقار، تحفظ اور مساوی رسائی کے ساتھ آزادانہ زندگی گزار سکیں۔ قابلِ رسائی رہائش میں توسیع کا گورنر Hochul (ہوکل) کا عزم معذور نیو یارک والوں کے لیے متحرک اور معاون محلوں میں کامیاب زندگی گزارنے کے حقیقی مواقع پیدا کر رہا ہے"۔

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بورڈ چیئر Kevin Law (کیون لاء) نے کہا، "لانگ آئی لینڈ کو مزید سستی رہائش کی فوری ضرورت ہے، اور ہدفی ریاستی سرمایہ کاری طویل عرصے سے زیرِ منصوبہ رہائشی منصوبوں کو نیو یارک والوں کے لیے حقیقی مواقع میں تبدیل کرنے میں مدد دے سکتی ہے۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (ESD) کی معاونت نے ان نئے مکانات کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں مدد دی، جس سے گھر کی ملکیت تک رسائی میں اضافہ ہوا اور خطے کے دیرینہ اقتصادی چیلنجز میں سے ایک سے نمٹنے میں مدد ملی"۔

لانگ آئی لینڈ علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل (Long Island Regional Economic Development Council, LIREDC) کی شریک چیئرز Linda Armyn (لنڈا آرمِن) اور ڈاکٹر Kimberly R. Cline (کمبرلی آر کلائن) نے کہا، "لانگ آئی لینڈ کی طویل المعیاد کامیابی کا انحصار ایسی آبادیوں پر ہے جہاں مواقع کے ساتھ اعلیٰ معیارِ زندگی بھی میسر ہو۔ یہ مکانات عوامی ذرائع آمد و رفت، اسکولوں اور آجروں کے قریب واقع ہیں، جس سے یہاں اپنا مستقبل بنانے کے خواہش مند خاندانوں کے لیے نئے مواقع پیدا ہوتے ہیں۔ LIREDC کو یہاں ریاستی فنڈنگ کی سفارش کرنے پر فخر ہے، جس سے آنے والے برسوں کے لیے لانگ آئی لینڈ کی اقتصادی بنیاد مزید مضبوط ہو گی"۔

D&F Development Group کے مالک Peter G. Florey (پیٹر جی فلوری) نے کہا، "اس اہم سنگِ میل کا جشن مناتے ہوئے، ترقیاتی ٹیم اور نئے رہائشیوں کی جانب سے ہم گورنر Hochul (ہوکل)، این وائی ایس ہاؤسنگ فنانس ایجنسی (NYS Housing Finance Agency)، این وائی ایس نشوونما کی معذوریوں کے حامل افراد کے دفتر، ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کارپوریشن، سافک کاؤنٹی اور ہنٹنگٹن ٹاؤن کا اس عمل میں ان کے ناگزیر کردار پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔ Matinecock Court (میٹینیکاک کورٹ) کی تکمیل جہاں رہائش کے شعبے میں ایک بڑی کامیابی ہے، وہیں یہ خوبصورتی سے ڈیزائن کی گئی ایک پُر رونق نئی آبادی کے آغاز کی علامت بھی ہے"۔

Housing Help Inc کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Pilar Moya-Mancera (پیلر مویا مانسیرا) نے کہا، "Matinecock Court (میٹینیکاک کورٹ) تقریباً نصف صدی کی ثابت قدمی اور منصفانہ رہائش کے لیے کی گئی غیر معمولی جدوجہد کا ثمر ہے۔ ہم Housing Help Inc کے بانیوں اور کئی نسلوں کے رہنماؤں، ہنٹنگٹن برانچ این اے اے سی پی، مقامی رہائشیوں، حقوق کے علمبرداروں اور وکلا کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے امتیازی زوننگ کو چیلنج کیا اور Fair Housing Act (فیئر ہاؤسنگ ایکٹ) کے حوالے سے اہم قانونی نظیر قائم کرنے میں مدد دی۔ آج یہ ورثہ خاندانوں، سابق فوجیوں، بزرگ شہریوں اور معذور افراد کے لیے 145 سستے مکانات کی صورت میں زندہ ہے۔ قانون اب عملی زندگی کی حقیقت بن چکا ہے۔ ہم گورنر Hochul (ہوکل)، ریاست نیو یارک، D&F Development Group اور ان تمام افراد کے شکر گزار ہیں جنہوں نے اس آبادی کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں مدد دی۔ Matinecock Court (میٹینیکاک کورٹ) ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ثابت قدمی صرف مکانات ہی تعمیر نہیں کرتی — یہ قانون کی تشکیل کر سکتی ہے، سرکاری پالیسی بدل سکتی ہے اور آنے والی نسلوں کے لیے مواقع کے دروازے کھول سکتی ہے"۔

<u>گورنر Hochul (ہوکل) کا ہاؤسنگ ایجنڈا</u>

گورنر Hochul (ہوکل) نیو یارک کے رہائش کے بحران سے نمٹنے اور ریاست کو نیو یارک کے تمام باشندوں کے لیے زیادہ قابلِ استطاعت اور رہنے کے قابل بنانے کے لیے پُرعزم ہیں۔ مالی سال 2023 سے، گورنر رہائش کو حسب استطاعت بنانے کے لیے رہائش گاہوں کی فراہمی میں اضافہ کرنے پر کام کیا ہے، جس کے لیے انہوں نے $25 بلین کا پانچ سالہ جامع رہائش گاہوں کا پلان شروع کیا، کئی دہائیوں میں سب سے اہم ہاؤسنگ معاہدے کا اطلاق کیا اور کرایہ داروں اور گھر مالکان کے لیے نئی حفاظتی تدابیر نافذ کیں۔ گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت کے تحت، HCR نے نئے پروگرامز متعارف کروائے ہیں جو کرائے داروں اور گھر کے خریداروں، دونوں کے لیے قابلِ استطاعت اور مخلوط آمدنی والے گھروں کی ترقی میں تیزی لاتے ہیں۔ ان میں پرو-ہاؤسنگ کمیونٹی پروگرام (Pro-Housing Community Program) بھی شامل ہے، جو تصدیق شدہ مقامی علاقوں کو ریاستی صوابدیدی فنڈنگ میں سے $750 ملین تک کی خصوصی رسائی فراہم کرتا ہے۔ ریاست بھر میں 450 سے زائد کمیونٹیز پروہاؤسنگ کے طور پر سند یافتہ ہیں۔

ان کے مالی سال 2027 کے بجٹ کے جزو کے طور پر، گورنر Hochul (ہوکل) نے اپنے "انہیں تعمیر کرنے دیں (Let Them Build)" ایجنڈے کے تحت رہائش اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی کو تیز کرنے اور اخراجات کم کرنے کے لیے نیو یارک کے ریاستی ماحولیاتی معیار کے جائزے کے ایکٹ (State Environmental Quality Review Act, SEQRA) میں کئی تاریخی اصلاحات یقینی بنائیں۔ "انہیں تعمیر کرنے دیں" میں ایسے اہم زمروں کے پروجیکٹس کی رفتار تیز کرنے کے لیے انتظامی اقدامات بھی شامل ہیں جن کے بارے میں مسلسل یہ بات دیکھی گئی ہے کہ ان کے نمایاں ماحولیاتی اثرات نہیں ہوتے، لیکن وہ بہت عرصے سے دفتری رکاوٹوں میں الجھے رہے ہیں اور طویل تاخیر کا شکار ہوتے رہے ہیں۔

مالی سال 2027 کا ایگزیکٹو بجٹ گورنر کے موجودہ پانچ سالہ ہاؤسنگ پلان کو مکمل کرتا ہے، جس کا مقصد ریاست بھر میں 100,000 کم لاگت گھروں کی تخلیق یا تحفظ ہے، جن میں کمزور طبقات کے لیے معاون خدمات کے ساتھ 10,000 گھر اور مزید 50,000 گھروں کی برقی کاری شامل ہے۔ اب تک 87,000 سے زائد سستے گھر تعمیر کیے جا چکے ہیں یا انہیں محفوظ بنایا جا چکا ہے۔ ایگزیکٹو بجٹ ہزاروں نئے سستے گھروں کی تعمیر کو تیز کرنے کے لیے کیپٹل فنڈنگ میں $250 ملین کی سرمایہ کاری بھی کرتا ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔